نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 15, 2006)

یوایس ایڈ کے ووکیشنل سینٹرز سے خواتین کی آمدن میں اضافہ

اسلام آباد(15 ِ مارچ2006ء)___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) نے غیر سرکاری تنظیم Save the Children کے اشتراک سے مہرار یلیف کیمپ میں وادی الائی کے 8 ِ اکتوبر کے زلزلہ سے متاثر ہونے والے خاندانوں کے لئے پانچ پیشہ ورانہ تربیتی مراکز قائم کئے ہیں۔ان مراکز میں مقامی لوگوں خصوصاً خواتین کومختلف مہارتوں بشمول کپڑوں کی سلائی کی تربیت دی جاتی ہے جس سے نہ صرف انہیں اجرت ملتی ہے بلکہ اپنے کپڑوں کی سلائی کے اخراجات کی بھی بچت ہوتی ہے۔

اب تک ایک سوساٹھ سے زیادہ خواتین کوملبوسات کی سلائی وکٹائی کی تربیت دی جاچکی ہے۔سلائی کا کام سیکھنے سے خواتین کواپنے گھروالوں کے کپڑے تیار کرکے پیسوں کی بچت ہوتی ہےاوراس کے علاوہ دوسرے لوگوں کے کپڑے تیار کرنے سے اضافی آمدنی کے مواقع بھی میسر آتے ہیں۔

متعددخواتین نے کیمپ میں دوران تربیت ہی سلائی کے کام سے آمدنی کمانا شروع کردی۔یوایس ایڈ کے ایک منصوبہ ' کام کے عوض اجرت ' کے ذریعہ سلائی سیکھنے والی طالبات کوبچوں کے لئے فلالین کے کمبل کی سلائی کی اجرت ادا کی جاتی ہے۔اس کے ذریعہ خواتین کوسیدھی سلائی کی مشق کرنے کا موقع ملتا ہےاور کیمپ میں موجود شیر خوار بچوں کوگرم کپڑے میسر آجاتے ہیں۔کام کے معیار کو برقرار رکھنے کے لئے طالبات کے کام کی نگرانی ماہر کاریگر کرتی ہیں۔طالبات کو ہر کمبل کی سلائی کے عوض 20 روپے ملتے ہیں۔

ایک ووکیشنل سینٹر کی ہیڈ مسٹریس بی بی منتہٰی کہتی ہیں کہ لڑکیاں خوش ہیں کہ وہ ایک مہارت سیکھنے کے ساتھ ساتھ پیسے بھی کمارہی ہیں۔

مہرار یلیف کیمپ میں یوایس ایڈ کے ووکیشنل سینٹرز کو پیشہ ورانہ مہارتیں میسر آرہی ہیں،جس سے وہ اپنی آمدن میں اضافہ کرسکتے ہیں اور جب وہ کیمپ سے جائیں گےاوراپنے گھر دوبارہ تعمیر کرنے اورزندگی کومعمول پرلائیں گےتو یہ مہارت ان کے کام آئے گی۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کوآئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم،صحت عامہ،نظم ونسق اوراقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امدادفراہم کررہا ہے۔اس کے علاوہ،امریکہ نے پاکستان کے عوام اورحکومت کوزلزلہ سے متاثر علاقوں میں امدادی کاموں اورتعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5،اسلام آباد فون:2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50ایمپریس روڈ فون:6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین،8عبداللہ ہارون روڈ فون:5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔اسپتال،روڈ،پشاور کینٹ فون:3-5279801, 5285901-3